نظرانداز بلکہ فراموش کر دینے کی شعوری کوشش کی جاتی رہتی ہے"۔ اسی احساس کے تحت چند سال پہلے جگر کے مداحوں نے کراچی میں دبستان جگر قائم کیا جس کے تحت جگر کی یاد میں ادبی و شعری مجالس کا اہتمام کیا جاتا رہا۔ اب ان کی یاد میں زیر نظر کتاب شائع کی گئی ہے جس میں جگر کی شخصیت اور شاعری پر' اردو کے نامور اور جید نقادوں کے مضامین' جگر کی وفات پر شعرا کے نذرانہ عقیدت اور کلام جگر کا مختصر سا انتخاب شامل ہے۔ مطالعہ جگر مراد آبادی کے لیے یہ ایک مفید کتاب ہے۔ کتابت و طباعت مناسب ہے۔ (ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی)

شاہراہ زندگی پر کامیابی کا سفر: بشیر جمعہ۔ ناشر: جنگ پبلشرز' لاہور۔ صفحات: ۲۸۷۔ قیمت: ۲۵۰/- روپے

کامیاب زندگی کے لیے عملی ہدایات پر مشتمل اس نوعیت کی کتاب شاید اردو میں پہلی دفعہ سامنے آئی ہے۔ جدید دور میں اپنی تعمیر کرنے اور اپنی شخصیت بنانے اور معاشرے میں اپنا مقام حاصل کرنے کا رجحان ہر پیشے میں کام کرنے والوں میں مقبول ہے۔ ہر شخص خوب سے خوب تر کی تلاش میں ہے۔ یہ کتاب اسی تلاش کی راہنما ہے۔ مرکزی خیال ' وقت کا صحیح ترین استعمال ہے۔ ابتدا "سائل کے تجزیے سے ہوتی ہے' اور پھر کیریر پلاننگ' موثر شخصیت' فن گفتگو' اجتماعی دفتری زندگی' عملی میدان اور انفرادی صلاحیتوں کی نشوونما سے گزرتی ہے۔ بشیر جمعہ کا انداز' بات کو اس طرح پیش کرنے کا ہے کہ قاری متوجہ ہو جائے اور جو باتیں اپنے لیے مفید پائے' نوٹ کر لے۔ کتاب اتنے نکات' اتنے امور اور اتنی ہدایات سے مالا مال ہے کہ کچھ حصہ پر بھی عمل نتائج سامنے لا سکتا ہے۔ انھوں نے ایک مسلمان کے ذہن سے سوچا اور لکھا ہے جس کا اظہار ہر باب میں ہوا ہے۔ آخری باب دعا اور تعمیر سیرت ہے۔ غرض کیریر کی تلاش میں نوجوان' دفتروں میں مسائل کا شکار کارکن اور افسر اور کوئی بھی اجتماعی کام کرنے والے افراد اور ان کے ذمہ دار' سب کے لیے یہ ایک بیش بہا کتاب ہے۔ دوسروں کو کامیابی کا سفر نصیب ہو یا نہ ہو' بشیر جمعہ نے یہ کتاب لکھ کر کامیابی کا ایک سفر ضرور کر لیا ہے۔ (م-س)

محرف قرآن: سید تصدیق بخاری۔ ناشر: ۲۲۔ سی وائی بلاک چیلز کالونی گوجرانوالہ۔ صفحات: ۲۲۸۔ قیمت: ۵۰/- روپے

"محرف قرآن" کے ذیلی عنوان "سرسید اپنی تحریرات فاسدہ اور عقائد کاسدہ کے آئینے میں" سے ظاہر ہے کہ کتاب کا مقصد سید احمد خان (م ۱۸۹۸) کے عقائد کی تردید کرنا ہے۔ اس موضوع پر اس سے پہلے بھی متعدد کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ سرسید نے تقریباً ایک ہزار صفحات پر مشتمل "تفسیر القرآن" اور بعض دیگر تصانیف میں بہت سے موضوعات پر اظہار خیال کیا ہے۔ ان میں سے نبوت'